# ہاؤسنگ

| سبق نمبر | عنوان | مہارتیں | عملی کام |
| --- | --- | --- | --- |
| 12 | ہاؤسنگ | خود آگاہی اور خاطر باہمی گفتگو، موثر ترسیل، تخلیقی اور تجزیاتی سوچ مسائل کا حل، فیصلہ سازی تناؤ سے بچاؤ۔ | جائے وقوع کے انتخاب کی اہمیت، ہوا اور روشنی کا معقول انتظام اور کوڑے کچرے کا مناسب بندوبست |

## خلاصہ

ایک خاندان کے لئے گھر ایک بنیادی ضرورت ہے۔ مکان ایک مادی تعمیر ہے۔ جوائینٹ، بالو، سیمنٹ اور پتھر وغیرہ سے بنایا جاتا ہے۔ ایک مکان اس وقت گھر کی شکل اختیار کرتا ہے۔ جب فیملی کے ممبر وہاں رہنا شروع کرتے ہیں اور تمام خوشیوں، پیار و محبت لگاؤ صحت، سہولت، آرام اور سماجی اور تفریحی سرگرمیوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ اور آپس میں بانٹتے ہیں۔

وہ جگہ جہاں ہم مکان بناتے ہیں اسے سائٹ کہتے ہیں۔ مکان کے لئے جگہ یا سائٹ کے انتخاب کی بہت اہمیت ہے۔ ایک اچھی سائٹ اسے کہیں گے جو ترقی یافتہ ہو، جہاں بجلی، پانی، سڑکوں اور پانی کی سہولیات مہیا ہوں، مضبوط مٹی ہو، عملی سہولیات جیسے اسکول، اسپتال، بس اسٹینڈ اور پوسٹ وغیرہ موجود ہوں۔ پانی کے نکاس کا اچھا انتظام ہو اور بلند مقام ہو۔

ہوا کی آمد و رفت کا مطلب ہے کہ تازی اور صاف ہوا گھر میں داخل ہو سکے اور گندی ہوا باہر نکل سکے تاکہ گھر کے اندرونی ماحول میں تازگی برقرار رہے۔

صفائی ستھرائی اور حفظان صحت۔ گھر میں روشنی کے مناسب انتظام، ہواداری، صفائی ستھرائی اور سیپٹنگ ٹینک کے ذریعے فضلے کے نکاس کے معقول انتظام کے ذریعے حفظان صحت کو برقرار رکھا جا سکتا ہے۔ سیپٹنگ ٹینک بنانے کا فائدہ یہ ہے کہ (hygienic) اور کم قیمت ہوتا ہے اور اس کی دیکھ بھال آسان ہے۔ اس سے پانی کی آلودگی نہیں پیدا ہوتی، گندی بو نہیں آتی۔ زیادہ پانی کا استعمال نہیں ہوتا۔ صفائی کی ضرورت نہیں پڑتی، اس سے کھاد بنتی ہے، گیسیں مٹی میں جذب ہو جاتی ہیں اور مکھی مچھروں اور کیڑے مکوڑوں کی افزائش نہیں ہوتی ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ کوڑے کچرے کے مناسب بندوبست سے مٹی اور پانی کی آلودگی نہیں پیدا ہوتی۔

### اہم نکات

**گھر کے افعال**

گھر، مکان کی بہ نسبت بہت زیادہ اہم ہوتا ہے۔ گھر کے افعال کی لسٹ درج ذیل ہے۔

### اپنی سوجھ بوجھ بڑھایں

دستیاب جگہ کا بھرپور استعمال

گھر میں دستیاب جگہ کا بہتر استعمال ہو سکے اس کے لئے درج ذیل نکات

- **حفاظتی (Protective):** تحفظ اور پناہ گاہ فراہم کرنا ہے، موسم، جانوروں اور چوروں اور دشمنوں سے بچانا ہے۔
- **معاشی (Economic):** زر (Money) کی اصطلاح میں اس کی قدر واہمیت سماجی اور معاشی حیثیت کو بڑھاوا دیتا ہے۔ آمدنی کا ذریعہ ہے۔
- **تعلیمی (Educative):** شخصیت کی تعمیر میں مددگار ہوتا ہے۔ فیملی قدروں کو بڑھاوا دیتا ہے۔ زندگی ہنرمندیوں مثلاً ہمدردی، لگاؤ، دلجوئی کی افزائش کرنا ہے۔
- **سماجی / مذہبی (Social/Religious):** عمل باہم کو فروغ دیتا ہے۔ لگاؤ اور تعلق کا احساس پیدا کرتا ہے۔ قدروں اور رواجوں کو نسل در نسل منتقل کرنے کے عمل کو انجام دیتا ہے۔

ذہن میں رکھیے۔

- ان تمام سرگرمیوں کی لسٹ بنائیے جو ہر کمرے میں انجام دی جاتی ہے۔
- ہر سرگرمی کے لئے جگہ کی نشان دہی کیجیے۔
- خیال رکھیے کہ کمرہ بہت بھرا ہوا نہ معلوم ہو۔
- کثیر المقاصد فرنیچر جیسے صوفہ کم بیڈ وغیرہ کا استعمال کیجیے۔
- سیڑھیوں کے نیچے کی جگہ کا مناسب استعمال کیجیے۔

### اہم باتیں جاننے کے لیے

**گھر کے لے سائٹ کا انتخاب**

درج ذیل نکات کو ذہن میں رکھ کر آپ گھر کے لئے مناسب سائٹ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

- پڑوس: مکان اس علاقے میں تعمیر کیا جانا چاہیے جہاں ہر لحاظ سے ترقیاتی عمل انجام دیا گیا ہو، وہ جگہ ترقی یافتہ کہلاتی ہے جہاں بجلی، سڑکوں اور پانی کے نکاس کی سہولیات مہیا کی گئی ہوں۔ مشترکہ سہولیات جیسے پوسٹ آفس، اسپتال، اسکول، بازار بھی قریب میں موجود ہوں۔
- مادی خصوصیات: سائٹ کا انتخاب کرتے وقت کھلے علاقے میں مکان چنیں۔ یہ بھاری آمدورفت کے علاقوں کے پاس نہیں ہونا چاہیے۔ نشیبی علاقوں سے گریز کرنا چاہیے تاکہ سیلاب یا پانی جمع ہونے کا اندیشہ نہ ہو۔
- مٹی: مضبوط بنیاد کے لئے مٹی کی سطح کے نیچے تقریباً 2 تا 5 فٹ تک ٹھوس مٹی ہونی چاہیے۔ یاد رکھیے
    - مٹی کے کھسکنے سے مکان جھک سکتا ہے۔
    - ریتیلی اور کنکریلی مٹی مکان کو گرم کرنے کی خصوصیت رکھتی ہے۔
    - چٹانی سطح بنیاد کے لحاظ سے بہتر ہے مگر پانی جذب نہیں کرتی۔

صفائی ستھرائی کی ضروریات: مکان کی سائٹ پر نئی اور مضبوط مٹی بھرنی چاہیے اور سڑک کی سطح تک اونچا کرنا چاہیے۔

عملی سہولیات: بازار، ٹرانسپورٹ کی سہولیات، پوسٹ آفس، اسکول، اسپتال، بینک، بازار وغیرہ سہولتیں معقول پیدل فاصلے پر ہونی چاہیے۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

**روشنی:** مناسب روشنی کی بہت اہمیت ہے۔ اس سے مکان کی خوبصورتی بڑھ جاتی ہے۔ مکان میں دو قسم کی روشنی ہوتی ہے۔

- قدرتی روشنی: وہ روشنی جو قدرتی وسائل جیسے سورج سے ملتی ہے۔
- مصنوعی روشنی: وہ روشنی جو ہم مصنوعی وسائل جیسے ٹیوب لائٹ اور بلب وغیرہ سے حاصل کرتے ہیں۔

**ہواداری:**

تازی ہوا صحت کے لئے لازمی ہے۔ اسے قدرتی یا مصنوعی ذرائع سے یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ گرمی سردی دونوں میں کمرے کی کھڑکیاں کھلی رکھنی چاہیے تاکہ تازہ ہوا آزادانہ گردش کرتی رہے۔ کراس ہواداری پسندیدہ ہے۔

**صفائی ستھرائی:**

- مکان کو صاف ستھرا رکھنا۔ روزمرہ کی صفائی، ہفتہ وار صفائی اور موسمی صفائی۔
- کوڑے کچرے کا مناسب بندوبست
- گندے پانی اور انسانی فضلے کے نکاس کا بندوبست سوختہ گڈھوں اور سیپٹنگ ٹینک کے ذریعے۔

## اپنی معلومات اضافہ کیجیے

آپ کے قریبی گاؤں میں پانی کے نکاس اور گندے پانی کے نکاس کا معقول انتظام نہیں ہے۔ آپ پانی کے نکاس کو بہتر بنانے کے لئے گاؤں والوں کی کیا مدد کر سکتے ہیں۔

## اپنے نمبر بڑھایئے

سبق میں دیئے گئے خاکوں کو غور سے دیکھیے اور پڑھیے۔
سبق کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے اس میں دی گئی ڈائیگرامز کو غور سے پڑھیے۔

## اپنی جانچ کیجیے

1۔ ایک گھر میں ایک بڑا ہال ہے جسے دو بھائی استعمال کرتے ہیں۔ آپ اس میں کشادگی اور پرائیویسی کیسے مہیا کر سکتے ہیں؟

2۔ آپ ایک گاؤں میں رہتے ہیں۔ آپ کے لئے کیسا بیت الخلاء مناسب رہے گا؟ چار وجوہات بتایئے۔

3۔ آپ نے ایک نوکر رکھا ہے۔ بتایئے کہ روزمرہ کی صفائی، ہفتہ واری صفائی اور موسمی صفائی کے سلسلے میں اس کے فرائض کیا ہوں گے؟